# پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 اکتوبر 2023ء

## بزنس کمیونٹی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل اور شہر کی تعمیر و ترقی میں خصوصی کردار ادا کرنے پر ایس ایم تنویر صوبائی وزیر صنعت کے نہایت شکر گزار ہیں۔
## شیخ فیصل ایوب صدر گوجرانوالہ چیمبر

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ ہم بزنس کمیونٹی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور شہر کی تعمیر و ترقی کیلئے ایس ایم تنویر صوبائی وزیر صنعت کی خصوصی توجہ دینے پر ان کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ CM پنجاب کی خصوصی ہدایت پر آئی ٹیم نے صدر گوجرانوالہ چیمبر اور ڈی سی گوجرانوالہ کے ہمراہ جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف سروس روڈ اور مختلف انڈسٹریوں کیطرف جاتے ہوئے روڈز کی تعمیر تفصیلی معائنہ کیا۔ تفصیل کے مطابق صدر چیمبر کی CM پنجاب سید محسن نقوی کے ساتھ مسلسل تین میٹنگز ہوئیں جن میں بزنس کمیونٹی کے مسائل سمیت گوجرانوالہ جی ٹی روڈ کی روڈ انجینئرنگ اور مختلف روڈز کی تعمیر و مرمت کا مطالبہ کیا۔

گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب کے مطالبات کی روشنی میں گزشتہ روز CM پنجاب کی ہدایت پر ڈاکٹر عمران احمد ڈائریکٹر ٹرانزیکشن پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ، سید اون حسین اسسٹنٹ مینجر ٹرانزیکشن PBIT پر مشتمل ٹیم نے تعمیراتی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے بتایا وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور صوبائی وزیر صنعت ایس ایم تنویر گوجرانوالہ شہر کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کیونکہ اس شہر کی بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج جن منصوبوں کا سروے کیا گیا ہے بہت جلد ان پر عملی کام شروع کرنے کی ہدایت ہے۔ بلاشبہ تمام ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب کی خصوصی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک گوجرانوالہ میں روڈ انجینئرنگ کا تعلق ہے اس کے متعلق بھی ایکسپرٹ ٹیم گوجرانوالہ کا سروے کرے گی تا کہ گوجرانوالہ کے روڈز کی ری انجینئرنگ کر کے ٹریفک کے دیرینہ مسئلے کو حل کروایا جائے۔ اس موقع پر سابق صدور چیمبر اخلاق احمد بٹ، رانا شہزاد حفیظ، نائب صدر ملک امین ناز، عرفان یعقوب بٹ، بزنس کمیونٹی سمیت مختلف اداروں کے نمائندے بھی موجود تھے۔